RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۵ | روز دوشنبہ تاریخ ۷ نومبر ۱۸۹۲ عیسوی مطابق ۱۹ ربیع الثانی ۱۳۱۰ھ | جلد ۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل بہ مقدمہ یادداشت مفتی صاحب دیوانی بطلب ہدایت نسبت حلف الیمان خاندان واقع ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

کونسل میں پیش ہوکر تجویز ہوا کہ یہ کوئی امر جدید نہیں ہے جسکے بابت استصواب کیا گیا ہے صاحبزادہ عباس علیخان کو فوت ہوے ایک عرصہ دراز گذرا اونکے انتقال سے اب تک جو دستور مارہ میں دستور رہا ہو اوسی مطابق اب بھی کارروائی کی جاے کسی حکم جدید کی ضرورت نہیں ہے مشل باجلاس صاحب جج دیوانی بھیجا جاوے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

تجویز اجلاس کامل ہے مفتی صاحب دیوانی کو اطلاع دیجائے اور ایک نقل اس تجویز کی بنابر اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

۲۷ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء [illegible]

حکم اجلاس کامل واقع ۲۹ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

حسب تحریک صاحب ریونیو ممبر بہادر و صاحب سکرٹری بہادر بالاتفاق تجویز ہوا کہ چونکہ منشی سراج احمد کا کام صاف اور قابل پسند ہے اسلئے اونکی پانچ روپیہ ماہوار ترقی کیجاوے اور آیندہ سے وہ پیشکار ثانی صاحب سکرٹری بہادر کہلاوینگے اور کام کونسل بدستور انجام دینگے —

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

ایک نقل درج گزٹ ہو اور احکام حسب ضابطہ جاری ہوں

۳۰ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء [illegible]

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

رخصت

۲۹ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

حسب درخواست عبدالکریم منصرم جایداد مراد آباد ... بعالت ... رعایتی رخصت بست و پنج یوم یکم نومبر سنہ حال سے ۲۵ / نومبر تک منظور ہوئی زمانہ رخصت میں عبدالستار فرزند سائل کام کریگا —

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۳ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج کاغذ مطبوعہ ... سٹام علاقہ قدیم حسب نمبر ... قانون نمبر ۲۴ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء ہمارے سامنے پیش کیا گیا واضح ہوا کہ بابت عرایض و سوال اجلاس حاکم کونسل کے واسطے فیس سٹام ۴ / ۸ / مقرر کیگئی ہے لیکن ہماری رائے ہے کہ جائز ہے اجلاس خاص میں علاقہ قدیم کے جو عرایض ایک روپیہ کے سٹام پر گذرتی ہیں وہ اوسیطرح پیش ہوا کرینگے اور ہمیں ہم ازدیاد سٹام کرنا نہیں چاہتے فقط —

حکم ہوا کہ

یہ روبکار واسطے اطلاع کے درج گزٹ ہو [illegible]

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۳ / نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج دربار میں سمیان عبدالرزاق خان دفعدار و گلشن خان و علی خان وغیرہ سپاہیان کوتوالی موقوف شدہ بعہد نقل جنرل محمد اعظم الدین خان صاحب بہادر ولیس پریزیڈنٹ مرحوم نے عرضی اپنی بدرخواست بحالی گذرانی اور بحاضری جملہ سپاہیان و دفعدار برخاست شدہ وہ عرضی پیش ہوئی سائلان نے عرض کیا کہ ۵ / نومبر سنہ ۱۸۹۱ء کو دربار فوجی میں ہم لوگونکی نسبت یہ حکم ہوا تھا کہ ایک سال تک موقوف رہیں اور آیندہ بحال ہوں اب وہ میعاد گذر گئی بحالی فرمایا جاوے جو کہ واقعی واسطے بحالی سائلان کے ایک سال کا وعدہ کیا گیا تھا اور منگا کر یا ...

معلوم ہوا کہ وہ میعاد ... تو بہر صورت ان کو نوکر ہو جاویگی اور
اس بابت کتاب آڈر مین بھی حکم درج ہے جسکی تصدیق بیان
پیشکار سے پائی گئی اندرین صورت یہ لوگ قابل بحالی ہین اور
بدستور اپنی اپنی جگہ مقرر کرنے کے لائق ہین تفصیل اسمای
موقوف شدگان یہ ہے۔

۱	۲	۳
عبدالرزاق خان جمعدار	کلن خان سپاہی	علی رضا خان سپاہی
غلام علی خان سپاہی	غلام حیدر خان سپاہی	بہاری سنگہ سپاہی
علی حسین خان سپاہی	عبد العلی خان سپاہی	نجف علی خان سپاہی
جہوٹن شاہ سپاہی	نوشہ علی سپاہی	رام دیال چوکیدار
چمن چوکیدار		

لیکن منجملہ کسان مذکور سمیان رام دیال و چمن چوکیداران حاضر
نہ تھے زبانی رفعدار دریافت ہوا کہ وہ کہین چلے گئے ہین
اسواسطے حاضر نہین ہین۔ بنا بران۔

حکم ہوا کہ

عبدالرزاق خان رفعدار و کلن خان وغیرہ دس کس سپاہیان
بحال کیے جاوین اور کسی عرضی دہندگان مفصلۂ بالا بجائے خود بحال
رکھے جاوین احکام بحالی جاری ہون اور کتاب آڈر مین بھی یہ
حکم درج کیا جاوے اور نسبت چوکیداران غیر حاضر بوقت
حاضری حکم مناسب صادر ہوگا گزٹ مین بھی یہ حکم درج کردیا جائے

[illegible]

الحکم حسب حکم صاحب ریزیڈنٹ بہادر

حلیہ

مساۃ جمیلا زوجہ منگا دہوبی باشندہ موضع ...
سانولہ رنگ گول چہرہ چیچک رو دوہرا جسم ایک تہبند رنگ سفید
باندہے ہوئے کانون مین چہلہ نقرئی پہنے ہوئے عمر ۳۵ برس

روبکار اجلاس صاحب لوکل ممبر بہادر
واقعہ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۶ء

صاحب کلکٹر بہادر مراد آباد شکایت کرتے ہین کہ ملازمان ریاست
جو بکار سرکار پل رام گنگا سے عبور کرتے ہین اونکے پاس کوئی
اجازت نامہ نہین ہوتا چونکہ سابق کتاب پاس یک ہر ایک
محکمہ مین بہیجدی گئی ہین تعجب ہے کہ اوسکا عملدرآمد نہین ہوتا
یہ امر جناب صاحب ریزیڈنٹ بہادر کو منظور ہے کہ ٹھیک
طور سے جاری رہے۔ سرکاری گاڑی بگہی یا فیل وغیرہ جسکی
شناخت آسان ہے اونکے لئے تو ایسی کارروائی ضرور
نہین ہے ورنہ اور صورتون مین پاس افسر سررشتہ سے ضرور
حاصل کرنا چاہیے علے الخصوص پیادہ جانے والون کو۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا محکمہ جات ذیل مین پہر بطور یاددہانی مرسل ہو

اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر	سپرنٹنڈنٹ کارخانجات	و صیغہ کوتوالی
عبد الکریم منصرم مراد آباد	منصرم نزول	اجلاس صاحب سکریٹری بہادر
صیغہ فوج	اجلاس صاحب پرسنل اسسٹنٹ بہادر	اجلاس صاحب ریزیڈنٹ بہادر

اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
اور ایک نقل روبکار گزٹ میں درج ہووے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقعہ ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۲ء

واسطے نیلام ٹھیکہ محصول جوا ز تاریخ ۱۸ نومبر سنہ حال موعود گیگی ہے بمقام جوابخانہ بوقت ۱۰ بجے دن کے نیلام ہوگا لہذا

حکم ہوا کہ

اطلاع عام کیلئے یہ روبکار درج گزٹ ہووے۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۳ نومبر ۱۸۹۲ء

مرتضی محمد صاحب تحصیلدار علاقہ دار آبپاشی سوار بدرخواست عطائے رخصت دس یوم بوجہ علالت مع تحریر صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ بہادر انہار پیش ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

رخصت

۲۸ اکتوبر ۱۸۹۲ء

درخواست رخصت گزرانیدہ سید علی حیدر سپرنٹنڈنٹ کارخانجات مستدعی رخصت رعایتی دو ماہ پیش ہوکر منظور ہوئی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

حسب الحکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء

سید غلام شبیر صاحب پیشکار انچارج تحصیلداری صدر نشین
مولوی معشوق علی گرداور قانون گوئی ...

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

۱- محمد دیدار خان علاقہ دار آبپاشی ممبر
۲- منشی کنور بہادر محرر مدرسہ ممبر
۳- منشی الٰہی یار محرر صفائی ممبر
۴- لالہ کنشی لال خزانچی ممبر

غیر ملازمین

۱- لالہ بادہو رام ساہو ممبر
۲- لالہ کنہی لعل بزاز ممبر
۳- محمد دیدار شاہ خان ممبر
۴- غلام حضرت خان ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- قصبہ بلاسپور مین محلہ اہل ہنود مکانات مسکونہ مسمیان کیول حلوائی و گوکل تنبولی کی بدررو سے اور آب غلیظ اوس گلی اور رستہ عام مین جاری رہتا ہے جس سے رستہ خراب و متعفن ہو کر باعث تکلیف و پیدائش امراض کا ہے ہکا انتظام ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ معرفت محرر صفائی اور بیٹ کے مسمیان کیول حلوائی اور گوکل تنبولی کو فوراً ممانعت جاری رکھنے ... کی ہو کر سخت ہدایت و تاکید کیجاوے کہ نام بردگان اندر میعاد ایک ہفتہ کے بعد تمام بدررو اپنے مکانات کے پختہ بنوا لین ورنہ مستوجب سزا کے ہونگے صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا
۲- بلاسپور مین کوچہ لالہ چھبو لعل و ساہو جوالا پرشاد وغیرہ کے جو حسب احکام سابقہ کھرنجہ و نالی پختہ تیار ہوئی ہے اوس کوچہ مین ایک ٹکڑا جو باز مین مشمولہ رستہ کا ہنوز بدستور خام و پر نشیب باقی رہ گیا ہے ہنوز لالہ شب سہائے وغیرہ مکان داران نے اوسکو	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ اراضی پر نشیب مشمولہ رستہ کوچہ لالہ چھبو لال و ساہو جوالا پرشاد وغیرہ کا بغیر تعمیر کھرنجہ ہنوز خام رہ گیا ہے اور فی الواقع وہ نازیبا و باعث تکلیف آمد و رفت مردمان کا ہے فوراً میعاد دس یوم کے لالہ شب

درست و پختہ نہیں کرایا ہے اسبارہ میں کچھ تجویز ہونا چاہئے	وجہ سے وغیرہ مکان داران اوسکو تیار و پختہ کرا دیوین محرر صفائی و لالہ یادو ہوا م ہیر تاکید کرین۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔
۴۸۔ موضع باندہ حسرت نگر میں بوجہ بود و باش قوم بنجارہ کا صفائی کم ہے اکثر ڈھیر کہاد۔ کوڑا و لید یا پوال وغیرہ پس و پیش مکانات بنجارگان و نیز جا بجا بمقام آبادی مختلف طور پر پڑا ہوا ہے ہنگام تاکید بعض بعض آدمیوں نے اکثر ڈھیر کوڑا و لید کے اوٹھا ڈالے اور بہت اشخاص کا بیان ہے کہ ہمکو اسکا مستاجر و ٹھیکیدار نے کوئی موقع ڈالنے کوڑا کہور و وغیرہ کا نہیں بتایا ہے مجبور ہیں لہذا اس باب میں جلد کچھ انتظام مناسب ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ فوراً مستاجر و ٹھیکیدار دیہہ پر تاکید و ہدایت معرفت محرر صفائی کے بنابر تجویز اور مقرر کر دینے موقع داشت کہاد کوڑا وغیرہ کیجاوے و نیز ٹھیکیدار مذکور کو واسطے مزید تاکید کے محرر صفائی روبرو صاحب سکریٹری صفائی کے حاضر کرین تاکہ جلد گاؤن صاف ہو جاوے۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔

مطبوعہ ۱۸ نومبر ۱۸۹۲ء جلد

نقشہ ممات و حیات متعلقہ ریاست رامپور بابت ابتدائی یکم لغایت ۷ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوت										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		میزان	تفصیل [illegible]						
شہر رامپور	۲۰	۳	۱۶	۵	۴۶	۲۳	۸	۱۴	۱۱	۲	۰	۶	۱۵	۲۳	۲۹	۳۹	۱۳	۰	۰	۰	۴۵	۴۹	۰
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۷	۷	۳	۱۰	۲۳	۹	۱۰	۵	۲	۰	۱	۶	۴	۱۱	۶	۲	۱۲	۱	۰	۹	۸	۱۸	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۲۶	۱۰	۲۲	۱۵	۶۳	۴۸	۲۵	۱۹	۱۳	۲	۱	۱۳	۱۹	۳۴	۳۳	۴۲	۲۵	۱	۰	۹	۵۷	۶۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور بابت ابتدائی یکم لغایت ۷ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	۰	۱۳ار	۰	
نخود خالص	۱۶ار	۱۸ار	۱۷ار	۰	۲۲ار	۰	
[illegible]	۱۷ار	۰	۲۰ار	۰	۲۵ار	۰	
ماش	۱۵ار	۱۶ار	۱۵ار	۰	۱۳ار	۰	
مونگ	۱۵ار	۱۴ار	۱۴ار	۰	۱۰ار	۰	
[illegible]	۲۱ار	۰	۲۳ار	۰	۲۳ار	۰	
[illegible]	۲۳ار	۱۸ار	۲۱ار	۰	۲۴ار	۰	
[illegible]	۲۱ار	۱۷ار	۱۷ار	۰	۳۰ار	۰	
عدس	۱۹ار	۱۷ار	۲۰ار	۰	۲۳ار	۰	
ارہر	۲۳ار	۰	۲۳ار	۰	۰	۰	
[illegible]	۱۱ار	۱۴ار	۱۳ار	۰	۱۴ار	۰	
روغن زرد	۱ار	۱ار	۱ار	۰	۱ار	۰	
روغن سیاہ	۳ار	۳ار	۳ار	۰	۳ار	۰	
روغن کنجد	۲ار	۲ار	۱ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۱ار	۸ار	۹ار	۰	۸ار	۰	
نمک سیہوری	۸ار	۷ار	۷ار	۰	۹ار	۰	
قند سیاہ	۹ار	۹ار	۹ار	۰	۹ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور